سوال

عیسیٰ علیہ السلام کا دوبارہ دنیا میں آنا

جواب

سوال : السلام علیکم عیٰسی علیہ السلام جب دوبارہ اس دنیا میں آئیں گے تو وہ کونسے ملک میں آئیں گے اور کس مقام پر آئینگے ؟ والسلام

جواب : صحیح مسلم کی ایک روایت کے مطابق حضرت عیسی علیہ السلام کا نزول دمشق میں موجود سفید منارہ پر ہوگا۔ اب اس منارہ کے بارے اختلاف ہے کہ یہ دمشق میں کہاں ہے۔ امام ابن کثیر رحمہ اللہ کے مطابق ایک دفعہ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے جامعہ بنوامیہ کے سفید منارہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہاں حضرت عیسی علیہ السلام کا نزول ہوگا۔ بعض اہل علم نے دمشق میں موجود ایک بازار کے سفید منارہ کا بھی نام لیا ہے۔ بازار اور مسجد کے منارہ کی تصویر کے لیے یہ لنک دیکھیں۔
مزید علمی معلومات کے لیے یہ عربی لنک ہے۔